# 19-01-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک خلائی تکنالوجی میں نئی مثالیں قائم کررہا ہے۔ آکاش وانی پر من کی بات پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے مودی نے عوام سے کہا کہ وہ وکست بھارت کے لئے ہمارا دستور بنانے والے عظیم رہنماؤں کے خیالات سے تحریک حاصل کریں۔

۲۔ سنگاپور کی ایک رئیل اسٹیٹ کمپنی نے حیدرآباد میں بڑا آئی ٹی پارک تعمیر کرنے کے لئے 450 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے۔

۳۔ مرکزی وزیرداخلہ امیت شاہ نے کہا ہے کہ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اپروچ میں مکمل تبدیلی آئی ہے جو راحت پر مرکوز اپروچ سے زیرو کیزولٹی اپروچ میں بدل گیا ہے۔

اور

۴۔ ایمپلائز پروویڈنٹ فرنٹ آرگنائزیشن نے ارکان کے پروفائل کو اَپ ڈیٹ کرنے کا آن لائن عمل آسان کیا ہے۔

○○

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک فلاحی تکنالوجی میں نئی مثالیں قائم کررہا ہے اور عظیم سیاستداں اور تخلیقی کام کرنے والے مستقبل کے چیلنجوں کا حل پیش کررہے ہیں۔ آکاش وانی پر اپنے من کی بات پروگرام پر 118 ویں اپی سوڈ سے خطاب کرتے ہوئے مودی نے بنگلور سے کام کرنے والے انڈین اسپیس ٹک اسٹارٹ اَپ پکسل کی تعریف کی جس نے ملک کے پہلے خانگی سٹلائٹ کونسٹلیشن فائر فلائی کو لانچ کیا اور اسے خود انحصاری کی طرف ایک اہم قدم قرار دیا۔ وزیراعظم نے اسپیس ڈاکنگ سٹلائٹ کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ خلاء میں اسپیس اسٹیشن اور کرومشن کو سپلائی بھیجنے کے لئے یہ تکنالوجی کافی اہم ہے۔

وزیراعظم نے 75 ویں یوم جمہوریہ کی پیشگی مبارکباد دی اور کہا کہ اِس سال کا جشن بہت خاص ہے، کیونکہ یہ دستور عمل میں آنے کے 75 سال کی علامت ہے۔ مودی نے دستور بنانے میں تعاون دینے والے دستور ساز اسمبلی کے ارکان کو سلام کیا۔ وزیراعظم نے بابا صاحب امبیڈکر، ڈاکٹر راجندر پرساد اور ڈاکٹر شاما پرساد مکرجی کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو اِن عظیم رہنماؤں کے خیالات سے تحریک حاصل کرنی چاہئے۔

نیتاجی سبھاش چندر بوس کے تعاون کو یاد کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ملک 23 جنوری کو نیتاجی کے جنم دن پر پراکرم دیوس منائے گا۔ مودی نے ملک کے نوجوانوں سے کہا کہ وہ نیتاجی کے بارے میں جتنا ہوسکے پڑھیں اور ان کی زندگی سے تحریک حاصل کریں۔

وزیراعظم نے ووٹرس کے قومی دن کی اہمیت کو نمایاں کیا جو 25 جنوری کو منایا جائے گا۔ مودی نے کہا کہ دستور بنانے والوں نے دستور میں الیکشن کمیشن اور جمہوریت میں عوام کی شرکت کو کافی اہمیت دی ہے۔

اسٹارٹ اَپ انڈیا کے 9 سال پورے ہونے کے موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ ملک کا اسٹارٹ اَپ کلچر بڑے شہروں تک محدود نہیں ہے اور آدھے سے زیادہ اسٹارٹ اَپ کا تعلق ٹائر 2 اور ٹائر 3 شہروں سے ہے۔

پریاگ راج میں جاری مہا کمبھ میلہ کے بارے میں وزیراعظم نے کہا کہ یہ برابری اور ہم آہنگی کا ایک غیرمعمولی سنگم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس مرتبہ ملک بڑے پیمانے پر کمبھ کے ڈیجیٹل اثرات کو دیکھ رہا ہے اور کمبھ کی دنیا میں مقبولیت اور ہندوستانی کے لئے فخر کی وجہ ہے۔

○○

OO

وزیراعظم نریندر مودی کے آج کے من کی بات پروگرام میں ان کی تقریر پر کئی لوگوں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

OO

وزیراعظم کے من کی بات خطاب کا تلگو ترجمہ آج رات 8 بجے آکاش وانی سے پیش کیا جائے گا۔

OO

سنگاپور کی رئیل اسٹیٹ کمپنی کیپٹل لینڈ نے حیدرآباد میں ایک ملین اسکوائر فٹ کے آئی ٹی پارک کو تیار کرنے کے لئے 450 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے۔ یہ پراجکٹ گلوبل کیپاسٹی سنٹر جی سی سی اور بہترین سہولتیں حاصل کرنے کی خواہشمند بلو چپ کمپنیوں کی ضرورتوں کو پورا کرے گا۔اس سے پہلے کیپٹل لینڈ نے حیدرآباد میں 25 میگاواٹ کے آئی ٹی لوڈ ڈیٹا سنٹر کا اعلان کیا تھا جو 2025ء کے درمیانی حصہ تک کام کرنا شروع کردے گا۔اس سے اس بات کا ثبوت ملتا ہے کہ حیدرآباد ہندوستان میں ڈیجیٹل انفرااسٹرکچر کے حساس مرکز کی حیثیت سے ابھر رہا ہے۔ انٹرنیشنل ٹیک پارک حیدرآباد میں دوسرا مرحلہ اس سال شروع ہوگا اور اسے ایک اندازہ کے مطابق 2028ء تک مکمل کیا جائے گا۔تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اِس معاہدہ پر خوشی کا اظہار کیا ہے اور اسے ایک اہم بزنس اور تکنالوجی ہب کی حیثیت سے حیدرآباد کے مقام کو مضبوط بنانے میں ایک میل کا پتھر قرار دیا۔

OO

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے آج کانگریس پارٹی پر دہلی اسمبلی چناؤ سے پہلے دہلی کے سابق وزیراعلیٰ اروند کجریوال کے بارے میں دوغلے پن کا الزام لگایا ہے۔انہوں نے کہا کہ جب تک اروند کجریوال کانگریس کے ساتھ ہے انہیں ایک صاف ستھرے لیڈر کی حیثیت سے سراہا جاتا تھا اور اتحاد کی کالی عینک کے ذریعہ دہلی خوبصورت نظر آتی تھی۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ جب عام آدمی پارٹی کے چیف نے اکیلے دہلی کا چناؤ لڑنے کا فیصلہ کیا تو انہیں کانگریس مجرم کی طرح دیکھنے لگی۔

OO

حکومت نے سنگاریڈی ضلع کے پٹن چیرو حلقہ کی پنچایتوں اِسناپور، گومڈی ڈالا اور گڈی پوتارم کو بلدیات میں تبدیل کرنے کے لئے گزٹ نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔اس کے ساتھ ہی سنگاریڈی ضلع میں بلدیات کی تعداد 8 سے بڑھ کر 11 ہوجائے گی۔اندریشم اور بھانورو پنچایتوں کو بھی بلدیات میں تبدیل کرنے کی تجویز تھی لیکن مقامی لوگوں کی مخالفت کی وجہ سے گزٹ میں انہیں شامل نہیں کیا گیا۔

OO

بی آر ایس کی رکن قانون ساز کونسل کویتا نے نظام آباد میں ہلدی بورڈ قائم ہونے پر خوشی کا اظہار کیا۔نظام آباد میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے مطالبہ کیا کہ ہلدی کے لئے فی کنٹل 15 ہزار روپے امدادی قیمت دی جائے۔کویتا نے کہا کہ حکومت کو چاہیئے کہ وہ ہلدی کی درآمد پر کنٹرول کرے اسی وقت کسانوں کو بورڈ قائم کرنے کا فائدہ حاصل ہوگا۔

OO

مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے آج حیدر آباد میں نیشنل پولیس اکیڈمی کے نئے انڈی گریڈیڈ انڈور شوٹنگ رینج کی تعمیر کے لئے ورچول طریقہ سے سنگ بنیاد رکھا۔ آندھرا پردیش میں مختلف پروگراموں میں حصہ لیتے ہوئے امیت شاہ نے اِس نئے شوٹنگ رینج کے لئے بھی سنگ بنیاد رکھا۔ یہ شوٹنگ رینج 27 کروڑ روپے کے بجٹ سے قائم کیا جائے گا جو جدید تکنالوجی سے لیس ہوگا۔

OO

امیت شاہ نے کہا کہ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے اپروچ میں مکمل تبدیلی آئی ہے اور وہ راحت پر مرکوز اپروچ سے زیرو کیزوالٹی اپروچ میں تبدیل ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ این ڈی آر ایف نے ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے بارے میں عوام میں اعتماد پیدا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم ڈی آر ایف ہندوستان کی سرحدوں کے باہر اپنی خدمات انجام دے رہا ہے اور ہندوستان کو ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے شعبہ میں لیڈر بنا دیا ہے۔ وزیر داخلہ نے وجئے واڑہ میں نیشنل ڈیزاسٹر ریسپانس فورس کے 20 ویں یوم تاسیس کی تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر وزیر داخلہ نے کرشنا ضلع کے کونڈاپولورو میں نیشنل انسٹیٹیوٹ آف ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے جنوبی کیمپس کا افتتاح کیا۔ انہوں نے وجئے واڑہ میں این ڈی آر ایف کے 10 ویں بٹالین کیمپس، بہار کے سوپال میں این ڈی آر ایف کے ریجنل ریسپانس سنٹر، تروپتی میں ریجنل فارنسک سائنس لیباریٹری بلڈنگ کا افتتاح کیا اور گورکھپور میں این ڈی آر ایف کے ریجنل ریسپانس سنٹر کا سنگ بنیاد رکھا۔

OO

ایمپلائز پروویڈنٹ فنڈ آرگنائزیشن (ای پی ایف او) نے ارکان کے پروفائل کو اَپ ڈیٹ کرنے کرنے کے آن لائن عمل کو آسان بنایا ہے۔ ایسے ارکان جن کا یونیورسل اکاؤنٹ نمبر آدھار کے ذریعہ مصدقہ ہے وہ اپنا پروفائل جیسے نام، پیدائش کی تاریخ، جنس، قومیت، والد یا والدہ کا نام، ملازمت شروع ہونے کی تاریخ، چھوڑنے کی تاریخ جیسی تفصیلات خود اَپ ڈیٹ کر سکتے ہیں اور انہیں کسی دستاویز کی ضرورت نہیں ہوگی۔ ایسے کیسوں میں جہاں یونیورسل اکاؤنٹ نمبر پہلی اکتوبر 2017 سے پہلے حاصل کیا گیا اَپ ڈیٹ کرنے کے لئے آجر کی توثیق کی ضرورت ہوگی۔

OO